تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 12, 2025

پریس ریلیز

سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ریکارڈ ٹائم میں بی۔ایڈ اور سی آر ڈی آئی کے نتائج کا اعلان کیا

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سی ڈی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پندرہ دنوں کے مختصر وقت میں مورخہ گیارہ فروری دو ہزار پچیس کو بی۔ایڈ دو ہزار بائیس۔تیئیس (جون) بیچ اور سی آر ڈی آئی کے جلد نتائج کے اعلان کا مقصد کامیابی سے حاصل کرلیا۔سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم نے اسے یقینی بنانے کے لیے کہ طلبہ دہلی سبورڈی نیٹ سروسز سلیکشن بورڈ (ڈی ایس ایس ایس بی) کی مقررہ تاریخ تک تیار ہوجائیں، بروقت نتائج کے اعلان کے لیے سخت کاوشیں کیں۔

واضح ہو کہ یہ بے مثال حصولیابی، دفتر کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے درمیان موثر رابطہ کاری اور اشتراک کے طفیل ممکن ہوسکی ہے۔نتائج کے بروقت اعلان میں حائل دشواریوں کو دور کرنے کے سلسلے میں پروفیسر مشاہد عالم رضوی، ڈائریکٹر،سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر سروج کمار مہانندا، کنٹرولر امتحانات جامعہ ملیہ اسلامیہ کی قیادت اور دور بینی کو خاص اہمیت حاصل رہی۔مزید برآں وقت کی پابندی کو ملحوظ رکھنے کے ضمن میں ڈاکٹر خالد رضا ،اسسٹنٹ، کنٹرولر امتحانات کے ساتھ ان کی ٹیم کی سرگرم کوششیں بھی کافی اہمیت کی حامل ہیں۔

سی ڈی او ای اور دفتر، کنٹرولر امتحانات کے مابین زبردست اور شان دار رابطہ کاری، طلبہ کو موثر اور فوری خدمات، ان کے تعلیمی سفر اور روزگار کے مواقع کو یقینی بنانے کے تئیں جامعہ کے عزم اور اس کے عہد کو نشان زد کرتی ہے۔

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سربراہی اور نمائندگی والی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودہ قیادت 'امتحانات کی کاروائیوں میں نامناسب تاخیر سے احتراز' کی بصیرت سے رواں دواں ہے جو پیش قدمیوں کے لیے بنیادی تحریک کے طور پر کام کرتی ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی